عام کرنے کے لیے ایسے مختصر تفسیری کتابچے شائع کرنے کا سلسلہ المکتبہ القرآنیہ کے نام سے شروع کیا جو عام فہم ہونے کے ساتھ ساتھ دل و دماغ پر قرآن کے اثرات مرتب کرسکیں۔ دل کش اندازِ بیان اور قرآن پر عمل کے لیے تحریک۔ اس مفید سلسلے کے دیگر کتابچوں کے ترجمے کی بھی ضرورت ہے۔]

◎ **تہذیب الاخلاق**، افادات: مولانا اشرف علی تھانویؒ، مرتبہ: محمد اقبال قریشی۔ ناشر: ادارہ تالیفات اشرفیہ، جامع مسجد تھانہ والی، ہارون آباد، بہاول نگر۔ صفحات: ۲۴۰۔ قیمت: ۱۳۵ روپے۔ [بعض اخلاقی خامیاں، جیسے بدنگاہی، غیبت، تجسس، بدگمانی، غصہ اور کینہ، اِسراف اور تکبر وغیرہ کے ازالے کے لیے مولانا اشرف علی تھانویؒ کے افادات سے رہنمائی کے ساتھ عملی علاج بھی تجویز کیا گیا ہے۔ تزکیہ و تربیت کے لیے اخلاقی خوبیوں کے ساتھ ساتھ صحبتِ صالح اور شیخ کامل سے تعلق پر بھی زور دیا گیا ہے۔]

◎ **نماز کی ظاہری ہیئت اور معنویت**، مرتب: خلیل الرحمٰن چشتی۔ ناشر: الفوز اکیڈمی، ای-۱۱/۴، گولڑہ، اسلام آباد۔ فون: ۲۲۲۲۴۱۸-۰۵۱۔ صفحات: ۱۱۸۔ قیمت: ۸۵ روپے۔ [نماز کے فرائض، واجبات، سنن اور مستحبات کے اہتمام کی تلقین۔ دعاے استفتاح، رکوع، قومہ، سجدہ، جلسہ، سلام سے پہلے اور سلام پھیرنے کے بعد کئی کئی مسنون اذکار اور دعائیں باترجمہ ارکانِ نماز کا خلاصہ، نماز کا حاصل، نمازیوں کی قسمیں اور توحید کی قسمیں۔ نماز کی ظاہری و معنوی حالت کو بہتر بنانے اور خضوع و خشوع پیدا کرنے میں معاون کتاب۔]

◎ **کرم کی برسات** (سفرنامہ حج)، ڈاکٹر خالد عاربی۔ ناشر: دارالتذکیر، رحمٰن مارکیٹ، غزنی سٹریٹ، اُردو بازار، لاہور۔ صفحات: ۲۳۲۔ قیمت: ۲۰۰ روپے۔ [حج کے مشاہدات و تاثرات پر مبنی خوب صورت پیرایے میں تحریر کی گئی ایمان افروز اور قلبی کیفیات کی آئینہ دار یہ کتاب مطالعے کے دوران قاری پر روحانی اور وجدانی کیفیت طاری کردیتی ہے اور جذبات کو مہمیز دیتی ہے۔ حج کے مسائل کے ساتھ ساتھ حضورؐ کے حج و عمرہ کے اسفار کی تفصیل اور تقاریر کا بھی احاطہ کیا گیا ہے۔]

◎ **نو زبانی لُغت**، پروفیسر عبدالعزیز مینگل۔ ناشر: اُردو سائنس بورڈ، ۲۹۹-اَپر مال، لاہور۔ صفحات: ۶۵۸۔ (بڑی تقطیع)۔ قیمت: ۱۰۰۰ روپے۔ [بہ ترتیب حروفِ تہجی اُردو الفاظ کے بالمقابل بتایا گیا ہے کہ آٹھ دیگر زبانوں (براہوی، بلوچی، پشتو، پنجابی، سرائیکی، سندھی، فارسی، انگریزی) میں ان کے مترادفات کیا ہیں۔ مصنف کی محنت قابلِ داد ہے مگر اس کی افادیت محدود ہے۔]

◎ **محنت کش، مسائل، مشکلات، حل**، شفقت مقبول۔ ناشر: محنت پبلی کیشنز، پوسٹ بکس نمبر ۳۲، جی ٹی روڈ، واہ کینٹ۔ فون: ۴۵۳۵۳۳۴ - ۴۵۳۷۵۵۰-۰۵۱۔ صفحات: ۱۵۶۔ قیمت: درج نہیں۔ [اس کتاب میں محنت، کسبِ معاش کی اہمیّت و فضیلت، مختلف نظریہ ہاے محنت (سرمایہ داری نظام، اشتراکیت اور اسلام کا نظریۂ محنت)، محنت کش کی انسانی تاریخ، دیگر مذاہب میں اور نظاموں میں مزدور کی حالت، نیز پاکستان میں محنت اور محنت کش کی صورت حال، آجر اور اجیر کے درمیان مثالی تعلقات جیسے موضوعات پر بحث کی گئی ہے۔]